© rasailojaraid.com

# نقد و تبصرہ

نام کتاب : قیمتی پتھر اور آپ
نام مصنف : بیگم زبیدہ فرید الحق (مرحومہ)
نام ناشر : گردیزی پبلشرز، کراچی
سال طباعت : ۱۹۸۵
صفحات : ۱۵۲
قیمت : ۱۸ روپیہ

جیسا کہ میرزا ہمایوں بیگ صاحب نے اس کتاب کے دیباچہ میں لکھا ہے انسان نے قیمتی پتھروں کو قدیم زمانہ سے ہی زیبائش اور سماجی مرتبہ کی نمائش کا ذریعہ بنایا ہوا ہے۔ خصوصاً خواتین کا زیورات کی طرح یہ بھی ہمیشہ نقطہ ضعف رہے ہیں ۔ بعض قدیم بادشاہ اپنی قبروں میں اپنے قیمتی پتھر بھی اپنے ساتھ ہی دفن کروا لیتے تھے جیسا کہ فراعنہ مصر کی رسم رہی ہے۔ آج دنیا کے بہت سے عجائب گھروں میں ایسے قیمتی جواہرات بڑی تعداد میں محفوظ ہیں جو بادشاہوں کے خزانوں اور ان کے تاج و تخت کی زینت کا باعث رہے ہیں ۔

ان پتھروں کی خوبصورتی اور دلکشی اپنی جگہ، ان کی اہمیت کی چند دوسری وجوہ بھی رہی ہیں۔ ان میں ان کے طبی اور سحری خواص بھی شامل ہیں مثلاً یہ ایک حقیقت ہے کہ ہیرا نگل جانے سے انسان کی موت چند لمحوں ہی میں واقع ہو جاتی ہے اور ہیرے کا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کشتہ کھانے سے انسان کو غیر معمولی طاقت حاصل ہوتی ہے۔ جواہرات میں مرجان، عقیق اور موتی خاص طور پر کچھ زود اثر دواؤں کا اہم جزو ہیں۔

اسی طرح جواہرات کے کچھ سحری خواص ہیں۔ ماہرین علم نجوم نے ہر شے کو سات سیاروں سے منسوب کیا ہے جن میں قیمتی پتھر بھی شامل ہیں۔ مثلاً کالا عقیق اپنی کیمیاوی ہیئت کے اعتبار سے زحل کے زیر اثر ہوتا ہے۔ اسی طرح نیلم بھی زحل کا پتھر کہلاتا ہے جبکہ سفید عقیق اور موتی سیارہ قمر کی طرف منسوب ہیں۔

پتھروں کو نام اور تاریخ پیدائش سے بھی منسوب کیا گیا ہے مثلاً جس شخص کا نام حرف ,,ف،، سے شروع ہوتا ہے وہ سیارہ مشتری کے زیر اثر خیال کیا جاتا ہے اور زرد پکھراج اس کا حرفی پتھر ہوگا اسی طرح جو شخص ۲۱ اکتوبر اور ۲۱ نومبر کے درمیان پیدا ہوا ہو اس کا شمسی برج عقرب، سیارہ مریخ اور پیدائشی پتھر سرخ یاقوت ہوگا۔ نیز ان قیمتی پتھروں کے استعمال سے بعض لوگوں کی پیدائش کے سبب نحوست کو کم کیا جاتا ہے چنانچہ اس مقصد کے لئے لوگ اپنی انگوٹھی میں مختلف سعد جواہرات پہنتے ہیں۔

اسی طرح ہر سیارے کا ایک خاص دن اور ایک خاص ساعت مقرر ہے۔ زحل کا دن ہفتہ، شمس کا اتوار، قمر کا پیر، مریخ کا منگل، عطارد کا بدھ، مشتری کا جمعرات اور زہرہ کا جمعہ ہے۔ ان دنوں طلوع آفتاب کے وقت سے تقریباً ایک گھنٹہ تک اس سیارہ کی پہلی ساعت ہوتی ہے، چنانچہ اس دن اور ساعت کو متعلقہ پتھر پہننا چاہئیے کیونکہ اس پتھر کا کسی دوسرے دن اور کسی دوسری ساعت میں وہ اثر نہیں ہوگا جو اس کے مخصوص دن اور ساعت میں ہوگا۔

قیمتی پتھروں کے مذکورہ بالا خواص اور پہلوؤں پر اردو زبان میں متعدد کتابیں موجود ہیں لیکن زیر نظر کتاب کی یہ خصوصیت ہے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



که یہ اس موضوع پر جامع ترین اور مستند ترین اور مفصل ترین کتاب ہے۔ اس کتاب میں مصنفہ نے بڑی محنت سے ہر پتھر کا مفصل بیان دیا ہے۔ مختلف زبانوں میں اس کا نام اس کی تاریخ، رنگ، کیمیاوی مرکبات، ساخت ، اقسام، شناخت، عیوب، تاریخی وابستگی ، طبی خواص اور سحری خواص بڑی تفصیل سے دئیے ھیں اور یہ بھی دیا ہے کہ وہ پتھر کس کس مقام پر پائے جاتے ھیں اور ان کا مقام کیا ہے۔ نیز مشہور پتھروں کو جو دنیا کے مختلف خزانوں اور عجائب گھروں میں موجود ھیں ان کی بھی نشان دھی کی ہے۔

تاریخی وابستگی کے تحت بعض پتھروں کے خواص کو بعض مذھبی بزرگ ھستیوں کے اقوال سے ثابت کیا ہے مثلاً فیروزہ کے خواص کو حضرت امام جعفر صادقؑ ، امام موسی کاظمؑ اور امام رضاؑ اور امام علی نقیؑ کے اقوال و روایات سے ثابت کیا ہے۔

اس کتاب میں تقریباً ۴۵ قیمتی پتھروں کا مفصل ذکر ہے پہلے نوقیمتی پتھروں کا ذکر ,, درجه اول کے جواھرات،، (نورتن) کے تحت دیا ہے اور پھر باقی ۳۶ قیمتی پتھروں کا ذکر ,, درجه دوئم کے جواھرات،، کے تحت دیا ہے۔ آخر میں ,, انتخاب نگینه،، کے تحت پیدائشی طالع، شمسی طالع، استخراج طالع، انسانی طالع جدول ابجد قمری، نقشه بروج کواکب وموافق پتھر، ستاروں کے باھمی تعلقات، جدول عنصری شرف و ھبوط سیارگان، جدول مراتب کواکب، بخورات سیارگان، قمر در عقرب، قیمتی پتھر پہننے سے پہلے صدقه اور پتھروں سے متعلق عملیات پر بحث کی ہے۔

آخر میں مصنفه فرماتی ھیں :

,,میرا یہ آزمودہ تجربہ ہے کہ کلام اللہ کو مخصوص پتھروں پر کندہ کرنے سے اسکی تاثیر عیاں ھو جاتی ہے اور فوری اثر کرتی ہے،،۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اس کتاب کی مقبولیت کا اندازہ اس سے لگایا جا سکتا ہے کہ اس کو مختلف اخباروں اور رسالوں نے قسط وار شائع کیا ہے اور سال میں کبھی کبھی اس کی کئی اشاعتیں ہوتی ہیں ۔

یہ کتاب ان حضرات کے لئے نہایت دلچسپ اور مفید ہے جو قیمتی پتھروں کے بارے میں ضروری معلومات مہیا کرنا چاہتے ہیں یا جو ان کے خواص پر یقین رکھتے ہیں اور ان کے مختلف خواص معلوم کرنے کے خواہشمند ہیں ۔

(علی رضا نقوی)

نام کتاب : کتاب شناسی
زیر ادارت : اختر راہی و عارف نوشاہی
صفحات : ۲۴۰
قیمت : ۵۰ روپیہ
ناشر : عارف نوشاہی، اسلام آباد

,,کتاب شناسی،، یعنی کتاب کی تالیف و کتابت و طباعت کے جملہ مراحل سے متعلق مختلف مسائل اور ان کے مختلف پہلوؤں پر بحث و تمحیث کا فن ہمارے ملک میں ابھی بالکل نیا ہے۔ کتابوں کے قلمی نسخوں اور اشاعت شدہ کتابوں کے تعارف کا کام ابھی بالکل ابتدائی مرحلہ میں ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ جو لوگ اس فن کے مرد میدان ہیں وہ میدان میں آئیں اور اس ملک میں اس فن کے فروغ کیلئے حتی الوسع سعی و کوشش کریں ۔

زیر نظر رسالہ یا کتابی سلسلہ اس مقصد سے جاری کیا گیا ہے۔ جیسا کہ اس کی فہرست مضامین سے ظاہر ہے اس شمارہ میں اس کے مرتبین نے کوشش کی ہے کہ بعض مطبوعہ و غیر مطبوعہ کتابوں کا جائزہ پیش کیا جائے اور طباعت و اشاعت کتب سے متعلق بعض

© rasailojaraid.com